© rasailojaraid.com



## امیر احرار ابن امیر شریعت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم کی تبلیغی و تنظیمی مصروفیات

29,28 جولائی 2001ء: بہاول پور، بہاول پور گھلواں

31,30 جولائی 2001ء قیام دار بنی ہاشم ۔ ملتان

یکم اگست: ماہانہ درسِ قرآنِ کریم بعد از نماز عشاء مسجد نور ملتان

2 اگست: ماہانہ درسِ قرآن کریم بعد از عشاء مکی مسجد چوک حرم دروازہ ملتان

3 اگست: خطبہ جمعہ مدنی مسجد احرار مرکز چنیوٹ

4 تا 14 اگست: قیام چناب نگر، 10 اگست خطبہ جمعہ مسجد احرار چناب نگر

17 اگست: خطبہ جمعہ ڈیرہ غازی خان بعد نماز مغرب درس قرآن

بر مکان حاجی محمد اسلم صاحب

24 اگست: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

30 اگست: مجلس ذکر بعد نماز مغرب دار بنی ہاشم ملتان

31 اگست: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

یکم ستمبر: درسِ قرآن مسجد نور کوٹلہ تولے خان ملتان

2 ستمبر: درس قرآن مکی مسجد چوک حرم گیٹ ملتان

6،5،4 ستمبر: ختم نبوت کورس دفتر احرار لاہور

7 ستمبر: خطبہ جمعہ مدنی مسجد احرار مرکز بخاری ٹاؤن چنیوٹ

7 ستمبر: تحفظِ ختم نبوت کانفرنس بعد نماز مغرب دفتر احرار لاہور

9 ستمبر: خطاب بعد از ظہر جامعہ یوسف نوری سیالکوٹ

10 ستمبر: تبلیغی دورہ، ملاقات ومشاورت احباب احرار گوجرانوالہ وزیر آباد

14 ستمبر: خطبہ جمعہ مسجد احرار چناب نگر

15 تا 18 ستمبر: قیام چناب نگر

20 ستمبر: خطاب بعد از ظہر چوبارہ والی مسجد سلطان پور (میلسی)

21 ستمبر: خطاب بعد از جمعہ جامع عثمانیہ شور کوٹ

27 ستمبر: مجلس ذکر بعد نماز مغرب دار بنی ہاشم ملتان

28 ستمبر: خطبہ جمعہ دار بنی ہاشم ملتان

## ماہانہ مجلس ذکر، روحانی اجتماع واصلاحی بیان

**30 اگست 2001ء، بروز جمعرات بعد نماز مغرب دار بنی ہاشم ملتان**

حضرت پیر جی ابن امیر شریعت

**سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم**

اصلاحی، تربیتی بیان فرمائیں گے۔

احباب و متعلقین نمازِ مغرب تک پہنچ جائیں

المعلن: ناظم مدرسہ معمورہ دار بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان (فون 061-511961)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



## مولانا محمد حسین کے قاتلوں کو گرفتار کر کے عبرت ناک سزا دی جائے

### گزشتہ ماہ چیچہ وطنی میں ایک عالمِ دین مولانا محمد حسین شاہ کو قتل کر دیا گیا

چیچہ وطنی (۲۷ جولائی) ضلع ساہیوال کے سرکردہ علماء کرام اور مذہبی رہنماؤں نے کہا ہے کہ ناموسِ صحابہ کرام کے تحفظ کے لیے کسی بڑی سے بڑی قربانی سے بھی دریغ نہیں کیا جائے گا۔ اگر مولانا محمد حسین شاہ کے مقدمہ قتل میں انصاف کے تقاضے پورے نہ کیے گئے تو ہم راست اقدام سے بھی گریز نہیں کریں گے۔ نواحی چک نمبر ۱۰/۱۲۔ ایل کی جامع مسجد میں شہید ناموسِ صحابہ مولانا محمد حسین شاہ کی یاد میں منعقدہ تعزیتی اجتماع سے مجلس احرار اسلام کے مرکزی رہنما عبداللطیف خالد چیمہ، جمعیت علماء اسلام کے مولانا عبدالباقی اور مفتی محمد عثمان غنی، مسجد نور ساہیوال کے خطیب مولانا غلام مرتضیٰ انجم، سپاہِ صحابہ کے محمد ابراہیم ونو، تنظیم الاخوان کے ضلعی صدر حاجی محمد اسحٰق، امان چیمہ، اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا جبکہ قاری عبدالرحمٰن، سپاہِ صحابہ کے صدر انتظار احمد اور قاری اطہر اسحٰق عزیز بھی اس موقع پر موجود تھے۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ مولانا محمد حسین شاہ کی شہادت سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ منکرینِ صحابہ گروہ اپنی رافضی وسبائی روایات کے مطابق فتنہ انگیزیوں اور امن دشمن کارروائیوں میں مصروف ہے اور علاقے کے امن کو تہہ و بالا کرنے کے درپے ہے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا شہید کے نزعی بیان، حالات و واقعات اور شواہد کے باوجود بعض سرکاری افسران اور پولیس اس کیس میں مکمل جانب داری کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ اگر مظلوموں کی دادرسی نہ ہوئی تو ردِ عمل کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتِ حال کی ذمہ داری بھی انہی لوگوں پر ہو گی جو اس صورتِ حال کے موجب بن رہے ہیں۔ ہم سب کو یاد رکھنا چاہیے کہ پھر ایک عدالت ایسی بھی آئے گی جہاں اثر و رسوخ، دھونس، رشوت اور سفارش کام نہ آئے گی۔ مولانا عبدالباقی نے کہا کہ صحابہ کرام کی منقبت بیان کرنا ہمارے ایمان کا حصہ ہے۔ جو لوگ توہینِ صحابہ کرتے ہیں وہ قرآن و سنت کے بھی منکر ہیں ان کا اسلام سے ہرگز کوئی تعلق نہیں۔ مفتی محمد عثمان غنی نے کہا کہ مولانا محمد حسین شاہ کے خون کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ پولیس نے اپنی غیر جانب داری کو یقینی نہ بنایا تو احتجاج کا سلسلہ پورے علاقے کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا۔ مولانا غلام مرتضیٰ انجم نے کہا کہ ضلع ساہیوال کے علماء کرام اور مذہبی قوتیں اس کیس میں ہر ممکن تعاون کریں گی۔ اور اہل سنت کے خلاف ہونے والی سازشوں کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گی۔ حاجی محمد اسحٰق نے کہا کہ مولانا شہید نے دین کی سربلندی اور صحابہ کرام کی عظمت کے لیے زندگی بھر جدوجہد کی اور لوگوں کی اصلاح کے لیے اپنے آپ کو وقف کیا ان کو قتل کرنے والے ضرور اپنے انجام کو پہنچیں گے۔ امان اللہ چیمہ نے کہا کہ صحابہ کرام کی سچی محبت کے بغیر دین سمجھ میں نہیں آ سکتا۔ جلسہ میں درج ذیل قراردادیں بھی منظور کی گئیں۔

مولانا محمد حسین شاہ قتل کیس کی سماعت انسدادِ دہشت گردی کی عدالت میں کی جائے۔ تفتیش پر اثر انداز ہونے والے سرکاری اہل کاروں کے خلاف کارروائی کی جائے۔ ازواج واصحابِ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے خلاف تقریر و تحریر پر پابندی لگائی جائے۔

### عبداللطیف خالد چیمہ کی برطانیہ روانگی

مجلس احرار اسلام پاکستان کے مرکزی ناظم نشریات عبداللطیف خالد چیمہ ان شاء اللہ تعالیٰ اگست کے وسط میں برطانیہ روانہ ہو جائیں گے۔ اور کم وبیش چار ماہ تک وہاں قیام کریں گے۔ اس دوران وہ اپنی نجی مصروفیات کے ساتھ ساتھ برطانیہ کے سرکردہ علماء کرام اور مذہبی وسیاسی رہنماؤں سے ملاقاتیں اور دینی وقومی مسائل پر مشاورت بھی کریں گے۔ اور مختلف اجتماعات میں شریک ہوں گے۔

مجلس احرار اسلام کے کام کو منظم کرنے اور ماہنامہ ”نقیبِ ختم نبوت“ کی اشاعت کو بڑھانے کے لیے وہ ہم فکر ساتھیوں سے بھی رابطے کریں گے۔ ان کی عدم موجودگی میں جناب میاں محمد اویس (لاہور) قائم مقام مرکزی ناظم نشریات کے فرائض انجام دیں گے۔

برطانیہ میں جناب عبداللطیف خالد چیمہ صاحب سے درج ذیل پتوں پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

1) 104 CLEMENTS ROAD 2DF EASTHAM E.6 LONDON (UK) Tel: 0208- 470-1065

2) 25 ROWAND AVE GIFFNOCK-7PE GLASGOW, G 46, (UK) Tel: 0141-6211325 - 9443018

© rasailojaraid.com